Press Release
June 9, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی نے سلور سٹار انشورنس لمیٹڈ کے خلاف فوج داری مقدمہ دائر کر دیا

اسلام آباد (9 جون) سکیور ٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سلور سٹار انشورنس لمیٹڈ کے خلاف شئیر کی قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے پر کمپنی کے ملوث افراد کے خلاف فوجداری مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ کراچی کی سیشن کورٹ میں دائر کئے گئے مقدمہ میں سات افراد غلام رسول، سہیل انجم غازی ، علی رضا، عمران کھتری، احتشام رئیس، محمد نور اور محمد فیاض کو نامزد کیا گیا ہے۔ یہ تمام افراد ملٹی لائن سکیور ٹیز لمیٹڈ کے صارف تھے اور سلور سٹار انشورنس لمیٹڈ کے شیئر کی قیمت کو غلط طریقے سے پانچ روپے سے بڑھا کر بارہ روپے تک لے جانے کے ذمہ دار پائے گئے۔

ایس ای سی پی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ مذکورہ بالا افراد سلور سٹار انشورنس کے حصص میں مشکوک انداز میں لین دین میں ملوث ہیں اور اس حصص کی قیمتوں میں مصنوعی طور پر اضافے کا سبب بنے۔ ان افراد کی جانب سے سلور سٹار کے حصص کی خریداری کے لئے بڑی تعداد میں آرڈر جاری کئے جاتے مگر ان پر عمل درآمد ہونے سے پہلے ہی ان میں سے بہت سوں کو منسوخ کر دیا جاتا۔ اس سرگرمی سے ان شئیرز میں لین دین کا مصنوعی تاثر پیدا کر دیا جاتا تھا۔ یہ افراد سٹاک مارکیٹ میں حصص کی قیمت کے آزادنہ نظام جو کہ طلب اور رسد کی بنیاد پر کام کرتا ہے، میں رکاوٹ کا باعث بنے جو کہ سکیور ٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 133 کے تحت ایک جرم ہے۔

ایس ای سی پی اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ مارکیٹ کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لئے ضروری ہے کہ مارکیٹ کاروباری سرگرمیوں میں شفافیت ہو جس کے لئے ایس ای سی پی مارکیٹ پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔